# علاقائی خبریں

15 اگست 2026

1:10 P.M.

ملک آج اپنا 80واں یوم آزادی جوش و خروش اور جذبہ حب الوطنی کے ساتھ منا رہا ہے۔اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے آج تاریخی لال قلعہ کی فصیل سے قومی پرچم لہرایا اور قوم سے خطاب کیا۔ انہوں نے بابائے قوم مہاتما گاندھی سمیت تمام مجاہدین آزادی اور ان انقلابیوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے قربانی کی عظیم روایت کو قائم کیا ۔

बाइट......

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کی ترقی کا سفر اب صرف تیز رفتار ترقی کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ ہر میدان میں ترقی کرنے والے خود انحصار بھارت کی کہانی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے 12 سالوں میں بھارت نے ہر شعبے میں بے مثال ترقی کی ہے۔

..............................................................................

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے آج 80ویں یوم آزادی کے موقع پر لکھنؤ کے ودھان بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں پرچم کشائی کی۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ آج یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر ریاست کے تمام لوگوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد۔ ہمارے ملک نے طویل جدوجہد، قربانیوں اور لگن کے نتیجے میں 1947 میں آزادی حاصل کی۔

آزادی کا مطلب صرف سیاسی آزادی نہیں ہے بلکہ پسماندگی، غربت، ناخواندگی اور عدم مساوات سے مکمل آزادی بھی ہے۔

बाइट......

وزیر اعلیٰ نے یوم آزادی کے موقع پر لکھنؤ میں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر پرچم کشائی کی تقریب سے بھی خطاب کیا۔انہوں نے ہر شہری سے اس بات کو تسلیم کرنے کی اپیل کی کہ اگر ہمیں اس ملک کی آزادی کو طویل مدت میں برقرار رکھنا ہے تو اس کے لیے صرف ایک فرد، کسی ایک برادری یا ذات کو نہیں بلکہ بھارت کے تمام 140 کروڑ لوگوں کو اس کوشش کو آگے بڑھانے کے لیے اپنے متعلقہ شعبوں میں اجتماعی طور پر برابر کا حصہ ڈالنے کی ضرورت ہوگی۔

..............................................................

اترپردیش سمیت ملک بھر میں آج 80 واں یوم آزادی بڑے جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ دارالحکومت لکھنؤ میں یوم آزادی کی مرکزی تقریب ودھان بھون میں منعقد ہوئی۔ سرکاری دفاتر، سکولوں اور کالجوں سمیت مختلف مقامات پر پرچم کشائی کی تقریبات بھی منعقد کی گئیں۔ آل انڈیا ریڈیو، لکھنؤ میں بھی پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ پرچم کشائی کی تقریب آل انڈیا ریڈیو کے سنٹر ڈائریکٹر مسٹر آر بی سنگھ اور سومونا ایس پانڈے نے انجام دی۔ اس موقع پر آل انڈیا ریڈیو کے افسران اور ملازمین موجود تھے۔

اس کے علاوہ ریاست کے مختلف اضلاع میں بھی پرچم کشائی اور دیگر پروگرام منعقد کئے گئے۔

..............................................................

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل 80ویں یوم آزادی کی ماقبل شب پر قوم سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے کہا، "ہمیں، بھارت کے

لوگوں کو اپنے خوابوں کو پورا کرنے کے مواقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے اور بھارت کو بہترین ملک بنانے کے جذبے کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ آزادی کا یہی مطلب ہے۔" انہوں نے کہا، "ہم 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کے لیے آگے بڑھ رہے ہیں۔ انتیودیا کے جذبے کے ساتھ، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ ترقی کے فوائد ہر شخص تک پہنچیں۔"

.............................................................

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے کل ایودھیا میں مہنت پرمہنس رام چندر داس جی مہاراج کے پونیا اسمرتی مہوتسو میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ آج کا بدلا ہوا ایودھیا دھام ہمیں تریتا یوگ کی یاد دلاتا ہے۔ چڑھاوا معاملے پر جناب یوگی نے کہا کہ ایس آئی ٹی کی تحقیقات جاری ہے اور حکومت مجرموں کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

.............................................................

مرکزی وزارت داخلہ کے تحت رجسٹرار جنرل آف انڈیا کے دفتر نے 2027 کی مردم شماری کے لیے گھریلو شیڈول کے سوالنامے کا نوٹیفکیشن کر دیا ہے ۔ اس میں والدین کی تفصیلات، آدھار نمبر، موبائل نمبر، بینک اکاؤنٹس کی کل تعداد، کام کی جگہ تک آنے جانے کی تفصیل، مذہب اور ذات سمیت 40 سوالات شامل ہیں۔

.............................................................